- حکومت پنجاب، پنجاب اربن لینڈ سسٹمز انہانسمنٹ پراجیکٹ کے تحت اراضی ریکارڈ کی کمپیوٹرائزیشن کے ذریعے ایک ایسے نظام کے قیام میں مصروف عمل ہے جس میں بلاتفریق مذہب وعقیدہ ہر شہری اور خاص طور پر کمزور طبقات کے ملکیتی اور وراثتی حقوق کو تحفظ حاصل ہو۔
- آئین پاکستان کا آرٹیکل 23 مسیحی برادری سمیت تمام اقلیتوں اور شہریوں کو جائیداد کے حصول اور اس کے تصرف کے حق کا تحفظ دیتا ہے۔
- پاکستان میں وراثت کے قوانین مذہبی وابستگیوں کی بنیاد پر مختلف ہوتے ہیں۔حکومت پنجاب مسیحی برادری کے اراضی کے وراثتی حقوق کے تحفظ کے لیے سکسیشن ایکٹ 1925 کے قوانین اور ضوابط کے مطابق عمل کرنے کی پابند ہے۔
- پاکستان میں وراثتی قانون (سکسیشن ایکٹ 1925) کی دفعات 29 سے 49 کے تحت ورثاء کی مختلف اقسام کو بیان کیا گیا ہے جس میں خاص طور پر مسیحی خواتین کے جائیداد میں وراثتی حقوق کو تحفظ دیا گیا ہے۔
- وراثتی قانون (سکسیشن ایکٹ 1925) کے تحت اراضی کی تقسیم مسیحی متوفی کی وصیت کے مطابق کی جاتی ہے۔ تاہم وصیت کی عدم موجودگی میں وراثت کو سکسیشن ایکٹ 1925 کے قانون کے مطابق ورثاء میں تقسیم کیا جاتا ہے۔
- سکسیشن ایکٹ 1925 مسیحی خواتین کو مردوں کے مساوی وراثت کے حقوق دیتا ہے۔
- وراثتی قانون میں عاق کرنے کی کوئی قانونی حیثیت نہیں ہے۔
- پلس پراجیکٹ میں وراثتی قانون بارے آگہی اراضی ریکارڈ کی کمپیوٹرائزیشن میں انتہائی اہمیت کی حامل ہے۔خواتین، اقلیتوں اور نسبتاً کمزور طبقات کے جائیداد سے متعلقہ مسائل کا حل وراثتی حقوق کی آگہی میں ہے تا کہ کمپیوٹرائزیشن کی شفافیت اور آسانی سے پنجاب میں معاشی اور معاشرتی ترقی کے نئے دور کا آغاز ہو۔


پنجاب اربن لینڈ سسٹمز انہانسمنٹ پراجیکٹ



# پنجاب میں مسیحی برادری کے وراثتی حقوق

پنجاب اربن لینڈ سسٹمز انہانسمنٹ پراجیکٹ

پنجاب اربن لینڈ سسٹمز انہانسمنٹ پراجیکٹ

Punjab Urban Land Systems Enhancement Project

شکایات کی صورت میں رابطہ کریں

ہیلپ لائن نمبر: 042-37882072

ای میل: complaints.pulse@punjab-zameen.gov.pk

PULSE پراجیکٹ 158 - اے، ابوبکر بلاک، نیو گارڈن ٹاؤن لاہور